سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا

# جدول

## اولاد کے 3 حقوق

(قسط چہارم)

07 اگست 2025



# سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان: 5 منٹ (2): دُعا یاد کرنا: 5 منٹ (3): جائزہ: 5 منٹ۔ کُل دورانیہ: 15 منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں اولاد کے 3 حقوق (قسط چہارم) کے متعلق مفید معلومات دی جائیں گی اور نیند سے بیدار ہونے کی دعا یاد کروائی جائے گی۔ اور آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ بھی لیا جائے گا۔ اِنْ شآءَ اللہُ الکَرِیم!

## دُرُود شریف کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم: جس نے مجھ پر 1 مرتبہ دُرودِ پاک پڑھا اللہ پاک اُس پر 10 رحمتیں بھیجتا اور اس کے نامۂ اَعْمال میں 10 نیکیاں لکھتا ہے۔ [1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

## اولاد کے 3 حقوق (قسط چہارم)

### آیتِ مبارکہ

اللہ پاک فرماتا ہے:

| | |
|---|---|
| یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ اَمْوَالُكُمْ وَ لَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِۚ (پارہ:23، سورۃ المُنٰفِقُون:9) | ترجمۂ کنز العرفان: اے ایمان والو! تمہارے مال اور تمہاری اولاد تمہیں اللہ کے ذکر سے غافل نہ کردیں۔ |

معلوم ہوا: مال اور اَوْلاد کی محبّت، ان کی دیکھ بھال اور پرورِش میں اتنا زیادہ مگن ہو جانا کہ اللہ پاک کی یاد ہی دِل سے نکل جائے، مثلاً نمازوں کا وقت نہ ملے، حلال حرام کی تمیز نہ رہے، یہ سخت نقصان دہ ہے۔ آدمی کو چاہیئے کہ اَوْلاد کی پرورِش کرتے ہوئے نیکی کی طرف راغب رہے، اِنْ شَآءَ اللہُ الکَرِیم! اَوْلاد نیک ہوگی، دُنیا کے ساتھ ساتھ آخرت میں بھی فائدہ دے گی۔

---

1 ...ترمذی، ابواب الوتر، باب فی فضل الصلاۃ علی النبی صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم، صفحہ:144، حدیث:174۔

## فرمانِ مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

پیارے آقا، مکی مَدَنی مصطفٰے صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: ایک زمانہ ایسا آئے گا،(کہ اپنے ایمان کی حفاظت کرنا بہت مشکل ہو گا، )اسی شخص کا ایمان محفوظ رہے گا، جو اپنے ایمان کی حفاظت کے لیے، ایک غار سے دوسرے غار کی طرف اور ایک پہاڑ سے دوسرے پہاڑ کی طرف جائے گا، اُس دَور میں اللہ پاک کی نافرمانی کے بغیر رزق حاصل نہ ہو گا، ایسی صُورتِ حال میں بندہ اپنے بیوی بچوں کی وجہ سے ہلاک ہو گا، اگر بیوی بچے نہ ہوئے تو والدین کی وجہ سے ہلاک ہو گا، والدین بھی نہ ہوئے تو اس کی ہلاکت رشتہ داروں یا پڑوسیوں کی وجہ سے ہو گی، صحابہ کرام عَلَیْہِمُ الرِّضْوَان نے عرض کی: یارسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم! یہ کیسے ہو گا؟(یعنی آدمی اپنے اہل خانہ کی وجہ سے ہلاکت میں کیسے پڑے گا،) فرمایا: وہ اسے تنگدستی کی وجہ سے عار (شرم) دلائیں گے، جس وجہ سے وہ خود کو ہلاکت کی جگہ لے جائے گا۔[1] (یعنی وہ شخص اپنے اہل خانہ (بیوی بچوں وغیرہ) کے طعنوں سے بچنے کے لئے، مال حاصل کرنے میں حلال و حرام کی پرواہ نہ کرے گا)۔

## اولاد کے 3 حقوق

**پیارے اسلامی بھائیو!** اولاد کے بہت سے حقوق ہیں، جن میں سے 9 حقوق ہم پہلے سیکھ چکے، 3 آج سیکھیں گے۔ آیئے! پہلے سیکھے ہوئے حقوق دوہرا لیتے ہیں: (1) اچھی ماں کا انتخاب (یعنی بااَخلاق و دیندار خاتُون سے نِکاح کرنا) (2): بچے کے کان میں اذان دینا (3): تحنیک (یعنی گھٹی دینا) (4): اچھا نام رکھنا (5): عقیقہ کرنا (6): اچھی تربیت کرنا (7): اولاد کے درمیان برابری کرنا (8): اَوْلاد کے اَخراجات اُٹھانا (9): اچھا رشتہ ملنے پر شادی کروانا۔

آیئے! اَگلے 3 حقوق سیکھتے ہیں:

### پہلا حق: ختنہ کروانا

**وضاحت:** ختنہ شعارِ اِسلام (یعنی اسلام کی پہچان) ہے، اسی لئے اس کو مسلمانی بھی کہتے ہیں۔[2] بعض

---

1 ...الزھد الکبیر للبیہقی، صفحہ: 183، حدیث: 183۔

2 ...بہارِ شریعت، جلد: 3، صفحہ: 589، حصہ: 16۔

علاقوں میں اسے سُنّت بھی کہا جاتا ہے۔ یعنی وہ اچھا طریقہ جو انبیائے کرام عَلَیۡہِمُ السَّلام سے چلا آرہا ہے۔ خَتْنہ کی ابتدا حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ہوئی۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! مسلمانوں میں یہ پیارا طریقہ رائج ہے۔ اللہ پاک ہمیں اس پر استقامت نصیب فرمائے۔

## دوسرا حق: دِینی تعلیم دِلْوانا

**وضاحت:** دِین کے وہ مسئلے جن کی انسان کو فِی الحال ضرورت ہو، وہ سیکھنا فرض ہے۔[1] اَوْلاد کے حقوق میں سے ہے کہ انہیں کم از کم فرض عِلْم تو لازمی سکھایا جائے۔ زہے نصیب! اپنی اَوْلاد کو حافِظ، عالِم، مفتی بنائیے! اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! دُنیا و آخرت کی بے شمار برکتیں نصیب ہوں گی۔ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: جس نے قرآن پڑھا، اس پر عمل کیا، قیامت کے دن اس کے والدین کو ایسا تاج پہنایا جائے گا، جس کی روشنی سورج کی روشنی سے بھی زیادہ ہوگی،[2] اور ایسے دو حلے پہنائے جائیں گے، جن کے بدلے میں دنیا کی کوئی حیثیت نہیں۔[3]

## تیسرا حق: بیٹی کی اچھی پرورش کرنا

**وضاحت:** خاص بیٹی کا ایک حق یہ ہے کہ اس کی وِلادت پر غم نہ کرے بلکہ زیادہ خوشیاں منائے، اللہ پاک کی رضا کی خاطِر اس کی خُوب اچھی پرورش کرے۔

**احادیث کے مطابق بیٹیوں کی پرورش کے فضائل:** ❁ جس گھر میں بیٹی پیدا ہو فرشتے اس گھر والوں پر سلامتی بھیجتے ہیں[4] ❁ جو بیٹی کو تکلیف نہ دے، بیٹی کو بیٹے سے کم نہ سمجھے، اللہ پاک اس کو جنت میں داخل فرمائے گا[5] ❁ جسے تین بیٹیوں کی پرورش نصیب ہو، اس پر جنت واجب ہو جاتی ہے۔[6]

---

1 ... فتاوی رضویہ، جلد:23، صفحہ:647۔
2 ... ابوداود، کتاب الصلاۃ، باب فی ثواب قراءۃ القرآن، صفحہ:239، حدیث:1453۔
3 ... مستدرک، کتاب فضائل القرآن، باب من قراء القرآن وتعلمہ وعمل بہ... الخ، جلد:2، صفحہ:278 حدیث:2086۔
4 ... جامع صغیر، صفحہ:69، حدیث:69، ملخصًا۔
5 ... مستدرک، کتاب البر والصلۃ، باب من کن لہ ثلاث بنات فصبر علی لاواۂہن، جلد:5، صفحہ:249، حدیث:7428۔
6 ... معجم اوسط، جلد:4، صفحہ:347، حدیث:6199، ملخصًا۔

## دوہرائی

آج ہم نے اولاد کے 3 حقوق سیکھے ہیں، ذہن میں بٹھا لیجئے:(1):ختنہ کروانا(2):دینی تعلیم دِلوانا (3):بیٹی کی ولادت پر غم نہ کرنا۔

## سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دُعا

### نیند سے بیدار ہونے کے بعد کی دُعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْۤ اَحْیَانَا بَعْدَ
مَاۤ اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ

**ترجمہ:** تمام تعریفیں اللہ پاک کے لئے جس نے ہمیں موت (نیند) کے بعد حیات (بیداری) عطا فرمائی اور ہمیں اسی کی طرف لوٹنا ہے۔[1]

## اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

### یومیہ 56 نیک اعمال:

(1):اچھی اچھی نیتیں کیں؟(2):پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟(3):ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4):رات میں سُوْرَۃُ الْمُلک پڑھ یا سن لی؟(5):ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُوْرَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟(6):کنزُالْاِیمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟(7):شجرے کے اوراد پڑھے؟(8):313 بار دُرُود شریف پڑھے؟(9):آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟(10):کانوں کو گناہوں سے بچایا؟(11):فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟(12):12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟(13):اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14):غصے کا علاج کیا؟(15):اپنا جائزہ کیا؟(16):اپنے نگران کی اطاعت کی؟(17):آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18):مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟(19):عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟(20):2 گھنٹے دینی

1 ...بخاری، کتاب الدعوات، باب وضع الید الیمنی تحت الخد الایمن، صفحہ:1560، حدیث:6314۔

کاموں پر صَرف کئے؟(21):فجر کے لئے جگایا؟(22):دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟(23):گھر درس ہوا؟ (24):مسجد درس دیا یا سُنا؟(25):سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟(26):زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟(27):ایک مشت داڑھی ہے؟(28):گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟(29):سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟(30):مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31):کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟(32):ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟(33):تَہَجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34):اَوَّابِیْن یا اِشْراق وچاشت پڑھیں؟(35):عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟(36):12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟(37):دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟(38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟(39):کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟(40):ذاتی دوستی تو نہیں کی؟(41):وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42):عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟(43):صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44):مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟(45):بعدِ فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟(46):کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟ (47):چوک درس دیا یا سنا؟ (48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49):اِسْراف سے بچے؟ (50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟(51): تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52):زبان کے گناہوں سے بچے؟ (53):فضول باتوں سے بچے؟(54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55):عمامہ شریف باندھا؟ (56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

۞ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ۞ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ۞ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعتِکَاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟